مکۃ المکرّمہ اور مدینۃ المنورہ میں دن اور راتیں کیسے گزارے

الطریقۃ المحمدیۃ

پہنچاتا ہے آپ کو
نقشِ پائے مصطفیٰ ﷺ تک

For more information regarding the course of Self Purification
[Tareeqah Muhammadiyah] please contact us at:
Muhammadiyah House of Wisdom, 33 Ridling Lane, Hyde, Cheshire, Sk14 1NP
Tel: 0161 351 1975 // [+44] 07780 875 667
www.zawiyah.org // info@zawiyah.org

مکۃ المکرّمہ اور مدینۃ المنورہ میں دن اور راتیں کیسے گزارے

مکہ شریف میں کیسے وقت گزارے

جب شہر میں داخل ھو تو عاجزی کے ساتھ داخل ھو۔
اللہ پر بھروسہ کرے دل اور زبان سے شکر کرے
ہر وقت کوشش کرے کہ اس تصور میں رہے کہ اللہ مجھے دیکھ رہا ہے اور
دل کو اس کی یاد اور خیال میں مشغول رکھے۔
حضرت محمد مصطفیے ﷺ کے طریقے کے مطابق رات اور دن گزارے یعنی سنت پر چلے۔

عام ھدایات

١ اپنی نیت درست رکھے اور وہ یہ ہے کہ اللہ راضی ھو جائے
٢ زیادہ سے زیادہ طواف کرنے کی کوشش کرے
٣ بازاروں میں کھانے پینے اور سونے میں زیادہ وقت ضائع نہ کرے
٤ آنکھوں کی اور زبان کی گناھوں سے حفاظت کرے
٥ کسی دوسرے کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچائے بلکہ جتنی مدد ھو سکے کرے اور دوسروں کو خوش رکھنے کی کوشش کرے
٦ نمازوں کی خاص حفاظت کرے۔

ظہر کے بعد کرنے والے اعمال اور وظیفے

چار رکعت نماز تسبیح پڑھے

درود شریف 10 مرتبہ

یَاَ اللّٰہُ 100 مرتبہ

یاَ رَحْمٰنُ 100مرتبہ

یَا رَحِیْمُ 100مرتبہ

یَا جَبَّارُ 100مرتبہ

درود شریف 10مرتبہ

(یہ عمل صرف ایک بار کرنا ہے)

ظہر کے بعد روزانہ کرنے والے اعمال اور اذکار

چار رکعت نماز توبہ پڑھے

درود شریف 10 مرتبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْه 10 مرتبہ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیّ الْعَظِیْم 10 مرتبہ

یَاَ اللّٰہُ 100 مرتبہ

یاَ رَحِیْمُ 100 مرتبہ

یاَ غَفُوْرُ 100 مرتبہ

یَا مَلِكَ الْقُدُّوْس 100 مرتبہ

درود شریف 10 مرتبہ

مکہ شریف میں صبح وشام کے وظائف

کعبہ شریف کے سامنے بیٹھ کر یہ ذکر کرے

١ اللّٰہ اللّٰہ ایک گھنٹہ

٢ اللّٰہ ھُو ایک گھنٹہ

یہ ذکر کرتے ھوئے کیا سوچ

یہ خیال کرے کہ کعبہ شریف سے نور اور روشنی نکل کر میرے قلب میں داخل ھو رہی ہے اور اس سے سارا جسم اندر سے روشن ھو رہا ہے اور گناھوں کا اندھیرا اور زنگ صاف ھو رہا ہے تاکہ بندے کو اللہ کا قرب حاصل ھو سکے دل میں دعا کرے اے اللہ میرا دل صاف فرمادے اور میرے گناھوں کو بخش دے۔

فجر اور عشاء کے بعد 20 منٹ مراقبہ کرے



فجر اور عشاء کے بعد 20 منٹ مراقبہ کرے یعنی یہ سوچے کہ اللہ میرے ساتھ ھے مجھے دیکھ رہا ہے اور سن رہا ہے اور دِل ہی دِل میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرے -

دِل سے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے ان نعمتوں پر جن سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو نوازا ھے۔

جب بندہ نبی پاک ﷺ کے روضہ مبارک کی زیارت کرے تو زیادہ سے زیادہ فیض کیسے حاصل کرسکتا ہے

رسول ﷺ سے ایک گنہگار امتی تب ہی فیض حاصل کرسکتا ہے جب وہ مخلص ہو اور سچی طلب اور محبت رکھتا ہو۔ تحیۃ المسجد کے دو نفل پڑھ کر بڑی عاجزی سے اور شکر کرتے ہوئے پوری توجہ سے اور دِل کو حاضر رکھ کر آپ ﷺ کی طرف چلے کہ حضور ﷺ ہی نے ہمیں کامیابی اور نجات کا راستہ دکھایا تو کیا آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کے حقدار نہیں کہ ان کا شکر ادا کیا جائے۔ اپنے ذہن میں یہ خیال کرے کہ آپ ﷺ مجھے دیکھ رہے ہیں اور میرا درود اور سلام سن رہے ہیں آپ ﷺ سے معافی مانگیں اس زندگی سے جو حضور ﷺ کی سنت اور آپ ﷺ کہ طریقہ کے خلاف گزاری ہو۔

پھر اسکے بعد نیچے والے درود اور سلام پڑھے

درود شریف 100 مرتبہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ 100 مرتبہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ نَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وِ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا 100 مرتبہ

درود شریف 100 مرتبہ

(یہ عمل صرف ایک بار کرنا ہے)



درود اور وظائف پڑھتے ہوئے کیا سوچے

جب درود وسلام پڑھنا شروع کرے تو یہ تصور کرے کہ حضور ﷺ کی قبر شریف سے نور اور روشنی نکل کر میرے دِل اور جسم میں داخل ہو رہی ہے پھر یہ تصور کرے کہ میں حضور ﷺ کو دیکھ رہا ہوں اور وہ مجھے دیکھ رہے ہیں۔

مدینہ شریف میں صبح وشام کرنے والے اعمال اور وظائف

ہر روز چار رکعت نفل توبہ کے پڑھے   اسکے بعد

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ 45 منٹ

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ﷺ

اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فِی

الدُّنْیَا قَبْلَ الْآخِرَةِ 30 منٹ



اَللّٰه اَللّٰه 1 ایک گھنٹہ

درود شریف 45 منٹ

اسکے بعد دو رکعت نفل شکر کے لے پڑھے

جنت البقیع قبرستان کی زیارت

سب سے پہلے سلام پڑھے اسکے بعد

درود شریف 3 مرتبہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ 33 مرتبہ

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلَائِکَةِ وَ الرُّوْحِ 33 مرتبہ

رَبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ 33 مرتبہ

درود شریف 3 مرتبہ

پڑھتے ھوئے کیا سوچے

یہ تصور کرے کہ آسمان سے روشنی اور نور ان قبروں پر پڑ رہا ہے اور اردگردھ ہر چیز کو روشن کر رہا ہے اور میرے دِل میں بھی وہ نور آرہا ہے۔ اس سے انشاءاللہ روحانی فیض ملے گا۔